نے اقبال کے فنِ شعر پر خاصی عمدہ بحث کی ہے اور ثابت کیا ہے کہ اقبال محض فکر ہی نہیں، فن کے اعتبار سے بھی بڑے شاعر ہیں۔ اس مضمون میں انھوں نے 'شعرِ اقبال میں بلاغت کے زاویے' پر بہت عالمانہ نکتہ افروزی کی ہے۔

علامہ اقبال کے عقیدت منداور سیدصاحب کے شیدائی اور طالب علم اس ضمن میں ڈاکٹر ہاشمی کے شکر گزار ہیں کہ انھوں نے یہ مضامین جمع اور مرتب کر کے ڈاکٹر سید عبداللہ اور اقبال سے وابستگی کا ایک نیا افق روشن کیا ہے۔ اصول ترتیب و تدوین کے مطابق مضامین کاوش و محنت سے مرتب کیے گئے ہیں۔ کتاب بہت اچھے معیار پر طبع کی گئی ہے۔ قیمت مناسب ہے۔(ساجد نظامی)

عہدِ رسالتؐ میں اسلام اور نصرانیت کے تعلقات، مؤلف: ڈاکٹر فاروق حمادہ، مترجم: ابزلفہ محمد آصف نسیم۔ ناشر: بیت الحکمت، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۳۷۳۲۰۳۱۸-۰۴۲۔ صفحات: ۲۵۱۔ قیمت: درج نہیں۔

مؤلف رباط (مراکش) کی جامعہ محمد الخامس کے شعبۂ علوم الالسنۃ الاداب وعلوم الالسانیہ کے استاد ہیں۔ اس گراں قدر علمی تالیف کو پروفیسر ڈاکٹر فاروق حماد نے قرآن و حدیث اور دیگر تاریخی ذرائع سے اخذ و اکتساب کر کے تیار کیا ہے اور اس میں مسلمانوں اور عیسائیوں کے باہمی تعلقات کا ایک عکس موجودہ حالات کے تناظر میں اربابِ فکر و دانش کے سامنے پیش کیا ہے۔ اس کتاب کے چار ابواب میں مکاتیب اور سفرا، وفود، غزوات وسرایا اور معاہدات اور صلح نامے دیے گئے ہیں۔ وہ مذاہب جن کی ابتدا اور مسکن عالمِ عرب رہا ہے، یعنی اسلام اور نصرانیت (نصرانیت اب زیادہ تر مسیحیت پکاری جاتی ہے) ان کے عہد نبویؐ میں آپس کے تعلقات و روابط کے اثرات و نتائج پر بحث کی گئی ہے۔

تہذیبی تصادم اور کشاکش کے اس دور میں اس کتاب میں بیان کیے گئے واقعات وحالات کی روشنی میں ہمیں اپنا طرزِ عمل متعین کرنے کے لیے اصول وضوابط اخذ کرنا ہوں گے تاکہ اسلام اور مسیحیت کے آپس میں تعلقات کا اِدراک ہوسکے۔ قرآن کریم میں بھی سورۂ مائدہ، آیات ۸۳-۸۴ میں مومنوں کے ساتھ دوستی میں قریب ترین نصاریٰ کو بتایا گیا ہے اور نصاریٰ کی بعض خصوصیات بیان کی گئی ہیں مگر کیا رسولؐ اللہ کے زمانے کے نصاریٰ میں پائی جانے والی خصوصیات